**31.01.2026**
**2115 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ............ شگفتہ یاسمین
**Music**

..............................................................................

☆ نئ دِلی میں منعقدہ، دوسری بھارت-عرب وزرائے خارجہ میٹنگ میں، باہمی دِلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے علاقائی امن اور استحکام میں عرب لیگ کے رول کی ستائش کی۔
☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اپنے افتتاحی کلمات میں دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی پالیسی پر زور دیا۔
☆ وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن، کل مرکزی بجٹ 2026-27 پیش کریں گی۔
☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے مغربی بنگال کی ترنمول کانگریس حکومت پر معاشرے کوتقسیم کرنے اور ریاست کو کمزور کرنے کا الزام لگایا۔
☆ NCP کی رہنما Sunetra پوار مہاراشٹر کی پہلی خاتون نائب وزیراعلیٰ بن گئی ہیں۔
☆ کھیلوں میں بھارت کی Devika Sihag بینکاک میں تھائی لینڈ ماسٹرس بیڈمنٹن کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔
☆ اور ............ Elena Rybakina نے Aryana Sabalenka کو شکست دے کر آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے خواتین سنگلز کا اپنا پہلا خطاب جیتا۔

..............................................................................

**(Music)**
اب خبریں تفصیل سے

**Jaishankar India Arab FMM**

دوسری بھارت - عرب وزراء خارجہ کی میٹنگ نئی دلّی میں ہورہی ہے۔ سبھی 22 عرب ممالک کے لیڈران، اِس میٹنگ میں شرکت کررہے ہیں، جس کی بھارت پہلی مرتبہ میزبانی کررہا ہے اور یہ 10 سال کے وقفے کے بعد ہورہی ہے۔ اِس سے قبل وزیرِ اعظم نریندر مودی نے عرب ممالک کے وزراء خارجہ کے وفد، عرب مملکتوں کی لیگ کے سکریٹری جنرل اور عرب وفود کے سربراہان کا استقبال کیا۔ میٹنگ کے دوران وزیرِ اعظم مودی نے علاقائی امن و استحکام کے سلسلے میں عرب لیگ کی مدد کی کوششوں کی ستائش کی۔ انہوں نے غزہ امن منصوبے سمیت فلسطین کے عوام کیلئے بھارت کی جاری حمایت کا اعادہ کیا اور جاری امن کوششوں کا خیر مقدم کیا۔ وزیرِ اعظم نے بھارت اور عرب ممالک کے درمیان عوام سے عوام کے گہرے اور تاریخی تعلقات کو اجاگر کیا۔
وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اپنے افتتاحی کلمات میں دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے پر زور دیا اور کہا کہ یہ ایک ایسا مشترکہ اصول ہونا چاہیئے، جس پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ہر طرح کی دہشت گردی، بھارت اور

عرب ممالک کیلئے ایک مشترکہ خطرہ ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت کی عرب مملکتوں کی لیگ، LAS ممالک کے ساتھ مضبوط شراکت داری ہے اور اِس کا تعلق تاریخ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک ایسے اہم وقت پر ملاقات کررہے ہیں، جب مختلف وجوہات کے سبب عالمی نظام یکسر تبدیلی سے گزر رہا ہے اور سیاست، اقتصادیات، ٹیکنالوجی اور ڈیموگرافی کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔ x

**Piyuash Sudan FM**

مرکزی وزیر پیوش گوئل نے آج دلّی میں سوڈان کے وزیرِ خارجہ محی الدین سلیم احمد ابراہیم کی قیادت میں ایک وفد سے ملاقات کی اور بھارت - سوڈان تعلقات کو مستحکم کرنے پر تبادلہَ خیال کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر، جناب گوئل نے کہا کہ انہوں نے ٹیکنالوجی، کانکنی، پائیدار ترقی اور ثقافتی تبادلے میں اشتراک کے نئے امکانات پر بات چیت کی، جس کا مقصد دونوں ملکوں کی ترقی کو رفتار دینا ہے۔ x

**Nirmala Budget**

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کل لوک سبھا میں مرکزی بجٹ 27-2026 پیش کریں گی۔ لوک سبھا میں بجٹ پیش کرنے کے بعد اِس کی کاپی راجیہ سبھا میں بھی پیش کی جائے گی۔ نریندر مودی سرکار کی تیسری مدت کار کا یہ تیسرا بجٹ ہوگا۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

**VC: Dipendra Kumar**

وزیرخزانہ نرملا سیتارمن 2019 میں عہدہ سنبھالنے کے بعد ریکارڈ مسلسل 9 ویں مرتبہ مرکزی بجٹ پیش کرنے جارہی ہیں۔ اپنی بجٹ تقریر میں وہ آئندہ مالی سال کیلئے حکومت کی آمدنی اور اخراجات کے منصوبوں کی وضاحت کریں گی۔ توقع ہے کہ بجٹ میں آنے والے سال کیلئے حکومت کا اقتصادی خاکہ پیش کیا جائے گا، جس میں معاشی ترقی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور مالی استحکام پر خاص توجہ دی جائے گی۔ بجٹ کی تیاری کے دوران مختلف پلیٹ فارمس کے ذریعے شہریوں بالخصوص نوجوانوں سے آراء اور تجاویز حاصل کی گئی ہیں، جو آئندہ مرکزی بجٹ 27-2026 میں نظر آئیں گی۔ بجٹ دستاویز پارلیمنٹ میں بجٹ تقریر مکمل ہونے کے بعد یونین بجٹ موبائل ایپ اور ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گی۔
وزیرخزانہ، مرکزی بجٹ پیش کرنے کے بعد ملک کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے کالجوں کے 30 طلبا سے بات چیت کریں گی۔ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس 28 جنوری کو شروع ہوا تھا اور یہ دو اپریل تک جاری رہے گا۔

نئی دِلی سے دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

**VP Bharat Parv**

نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے آج کہا کہ 77 ویں یومِ جمہوریہ کی عظیم الشان پریڈ سے بھارت کی کثرت میں وحدت کی عکاسی ہوتی ہے۔ نئی دلّی میں بھارت پرو 2026 کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، جناب رادھا کرشنن نے یہ بھی کہا کہ بھارت پرو، ملک بھر کی روایات، کھان پان اور فنکارانہ اظہار کو یکجا کرکے ''ایک بھارت- شریشٹھ بھارت'' کے جذبے کو تقویت دیتا ہے۔x

**PM- Wetland**

اترپردیش کے ایٹا ضلع میں پٹنہ Bird سینچری اور گجرات کے کچھ ضلع میں Chhari-Dhand کو بھارت کے دلدلی علاقوں کے نیٹ ورک میں شامل کیا گیا ہے۔ ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے وزیر بھوپندر یادو نے کہا کہ یہ دونوں دلدلی علاقے بیرونی ملکوں سے آنے والے اور مقامی پرندوں کی سینکڑوں کی تعداد کے مسکن ہیں۔
وزیراعظم نریندر مودی نے، اِن دلدلی علاقوں کو شامل کئے جانے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے، اِن اضلاع کے مقامی لوگوں اور اُن افراد کو مبارکباد دی، جو اس طرح کی دَلدلی زمین کو محفوظ رکھنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔x

**PM Punjab**

وزیر اعظم نریندر مودی کل سنت گرو روی داس کے 649ویں یومِ پیدائش کے موقع پر پنجاب کا دورہ کریں گے۔ جناب مودی آدم پور ہوائی اڈے جائیں گے، جہاں وہ اِس ہوائی اڈے کے نئے نام ''سری گرو روی داس جی ایئر پورٹ آدم پور'' کی نقاب کشائی کریں گے۔ جناب مودی لدھیانہ میں Halwara ہوائی اڈے کی ٹرمنل بلڈنگ کا بھی افتتاح کریں گے۔x

**Amit Shah Bengal**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج مغربی بنگال کی وزیرِ اعلیٰ ممتابنرجی اور ترنمول کانگریس پر معاشرے کو تقسیم کرنے اور ریاست کو کمزور کرنے کا الزام لگاتے ہوئے، شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ باگ ڈوگرا میں ایک BJP ریلی سے خطاب کرتے ہوئے، جناب شاہ نے الزام لگایا کہ ممتابنرجی کی قیادت والی حکومت نے برادریوں کو ایک دوسرے کے خلاف ورغلاکر بنگالی معاشرے کے اتحاد کو نقصان پہنچایا ہے۔
اِس سے قبل شمالی چوبیس پرگنہ میں آج Barrackpore میں پارٹی ورکروں کی ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب شاہ نے کہا کہ ریاست میں SIR عمل جاری رہے گا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت کے عدم تعاون کے سبب ریاست کے سرحدی علاقوں میں خاردار تار لگانے کا کام نہیں کیا جاسکا ہے۔X

**Pragati Special Story**

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت باریک نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کرکے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بناکر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔
پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کو فروغ دیا ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز میں ہم اتراکھنڈ سے متعلق پروجیکٹوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔ پیش ہے ایک رپورٹ ..................

**V/C - Dipendra Kumar**

مشکل جغرافیائی حالات اور ماحولیات کے لحاظ سے حساس ہونے کے باوجود اتراکھنڈ پرگتی نگرانی نظام کے تحت ایک اہم توجہ کا مرکز بن کر اُبھرا ہے۔ اِس وقت ریاست میں 42 پروجیکٹوں کی نگرانی کی جارہی ہے، جن میں سے 15 بڑے اور اعلیٰ قدر کے حامل پروجیکٹوں کا جائزہ وزیراعظم نریندر مودی پرگتی طریقہ کار کے تحت لیا جارہا ہے۔ اِن پروجیکٹوں میں چار دھام سڑک رابطہ، رشی کیش کرن پریاگ ریلوے لائن، دلی-دہرادون ایکسپریس وے پیکیجز اور پن بجلی کے بڑے پروجیکٹ شامل ہیں۔ اِن پروجیکٹوں سے وابستہ کُل 69 مسائل سامنے آئے تھے، جن میں سے 67 مسائل پہلے ہی حل کرلئے گئے ہیں۔

مسائل کے بروقت حل ہونے سے پروجیکٹوں میں کافی پیش رفت ہوئی ہے، جو قومی سلامتی، قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت اور یاتریوں کے انتظام کے نقطہ نظر سے انتہائی اہم ہیں۔

دیپندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان

**Maha Sunetra Pawar NCP**

راجیہ سبھا ایم پی، Sunetra پوار نے آج مہاراشٹر کی نائب وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔ یہ حلف برداری اُن کے شوہر اور مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی اِس ہفتے طیارہ حادثے میں اچانک موت کے بعد ہوئی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے مہاراشٹر کی پہلی خاتون نائب وزیراعلیٰ بننے پر اُنہیں مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے اعتماد ظاہر کیا کہ Sunetra پوار، ریاست کے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے بھرپور محنت کریں گی اور اجیت پوار کے وژن کو پورا کریں گی۔x

**India Sri Lanka Ditwah**

آج بھارت نے اہم کنکٹیویٹی کی بحالی میں مدد کی خاطر، جسے طوفان Ditwah میں شدید نقصان پہنچا تھا، سری لنکا کو دَس Bailey Bridges کی ایک کھیپ روانہ کی ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر کہا کہ یہ سپلائی 45 کروڑ امریکی ڈالر کے بھارت کے خصوصی اقتصادی پیکیج کا ایک حصہ ہے، جس کا اعلان آپریشن ُساگر بندھو' کے تحت کیا گیا تھا۔ x

**Maha BBATRC**

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور بھارت کے سابق چیف جسٹس، جسٹس بھوشن آر-Gavai نے آج نوی ممبئی کے Taloja میں ملک کے پہلے، بھارت رتن ڈاکٹر بھیم صاحب امبیڈکر ایڈووکیٹ ٹریننگ اینڈ ریسرچ سینٹر BBATRC کا افتتاح کیا۔ یہ سینٹر مہاراشٹر اور گوا بار کونسل کے ذریعے قائم کیا گیا ہے۔ افتتاح کے موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب فڑنویس نے کہا کہ یہ قانونی پیشے کو مستحکم کرنے کیلئے ایک تاریخ ساز اقدام ہے۔x

**Thailand Masters**

بیڈمنٹن میں، بھارت کی Devika Sihag، تھائی لینڈ ماسٹرس 2026 ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے کل شام بینکاک میں سیمی فائنل میں چینی تائپے کی Huang Yu Hsun کو بائیس-بیس، اکیس-تیرہ سے ہرایا۔

خواتین سنگلز کے ایک اور کوارٹر فائنل مقابلے میں بھارت کی Isharani Baruah ملیشیا کی Wong Ling Ching سے اٹھارہ-اکیس، اکیس-سولہ، اکیس-تیرہ سے ہار گئیں۔

مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل مقابلے میں بھارت کے Tharun Mannepalli چین کے کھلاڑی سے گیارہ-ایکس، سترہ-ایکس سے ہار گئے۔ x

**Rev Australian Open Tennis**

ٹینس میں، ملبرن پارک میں خواتین کے سنگلز کے فائنل میں Elena Rybakina نے آج شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے Aryna Sabalenka کو چھ-چار، چار-چھ، چھ-چار سے شکست دے کر آسٹریلین اوپن کا اپنا پہلا خطاب جیتا۔ قزاقستان کی پانچویں سیڈ کی کھلاڑی کی طاقتور شارٹس نے دو مرتبہ کی چمپئن Sabalenka کیلئے شدید مشکلات پیدا کیں اور بالآخر Sabalenka کو ہار کا سامنا کرنا پڑا۔

مردوں کے ڈبلز میں، امریکہ اور برطانیہ کی پانچویں سیڈ کی جوڑی Christian Harrison اور Neal Skupski نے خطابی مقابلے میں مقامی کھلاڑیوں Jason Kubler اور Marc Polmans کو سات-چھ، چھ-چار سے شکست دی۔

مردوں کے سنگلز کے فائنل میں، سربیا سے تعلق رکھنے والے چوتھے سیڈ کے کھلاڑی نوواک جوکووچ کا سامنا کل اسپین کے عالمی نمبر ایک کھلاڑی کارلوس الکاراز سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆